سوال نمبر: 5862

منجانب: جناب محمد علی صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت وحرفت ارشاد فرمائیں گے کہ

سوال	جواب
(ا) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے میں صنعت و تجارت کی ترقی کیلئے سنجیدگی سے غور کر رہا ہے؟	جی ہاں۔
(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے اب تک کتنے کارخانے تجارتی سنٹر قائم کیئے ہیں اور اُن کی کامیابیوں کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ نیز محکمہ کب تک نئے صنعتی مراکز، تجارتی مراکز اور کارخانے بلخصوص دیر بالا میں لگانے کا ارادہ رکھتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	محکمہ صنعت وتجارت کے زیر نگرانی مختلف اضلاع میں 17 بڑے اور 11 چھوٹے Industrial Estates (صنعتی بستیاں) قائم کئے گئے ہیں۔ ان Industrial Estates میں تقریباً 2291 بڑے اور 512 چھوٹے کارخانے قائم ہیں۔ صوبے میں تیز رفتار صنعتی ترقی کے حصول کے لیے حکومت صنعت کاروں اور سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ صوبہ بھر میں صنعتوں کے قیام میں تیزی لانے کے لیے پبلک سیکٹر کمپنی خیبر پختونخوا اکنامک زون ڈویلپمنٹ اینڈ منیجمنٹ کمپنی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جس کی شبانہ روز کاوشوں سے چائینہ پاکستان اکنامک کاریڈور پہ چار بڑے صنعتی زونز جیسے حطار اکنامک زون، رشکئی اکنامک زون، جلوزئی اکنامک زون اور ڈی آئی خان اکنامک زون کے قیام کے لیے عملی طور پر پیش رفت کی گئی ہے۔ صوبائی حکومت نے صنعتی پالیسی 2016 جاری کی ہے جسکے تحت سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش مراعات کی فراہمی کا اعلان کیا ہے۔ نئے کارخانے لگانے کے لیے سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے N.O.C کی شرط ختم کردی گئی ہے۔ صوبائی حکومت نے بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنے کے لیے دوبئی میں روڈ شو کا انعقاد کیا تھا اور حال ہی میں CPEC کے تناظر میں چین میں بھی کانفرنس منعقد کی تھی جس میں کئی اہم مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے تھے۔ شمالی اضلاع میں صنعت وتجارت کے فروغ کے لیے سوات اور چترال میں Industrial Estates قائم کئے جا رہے ہیں جس سے نہ صرف ان علاقے کے لوگ بلکہ ملحقہ اضلاع کی صنعت کو بھی فروغ ملے گا۔ مزید برآں سمال انڈسٹریل بورڈ (SIDB) نے درگئی ملاکنڈ ڈویژن میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ قائم کردی ہے۔ اور خواہشمند حضرات کو کارخانہ لگانے کیلئے پلاٹ بھی الاٹ کئے گئے ہیں۔ جہاں پر تمام بنیادی سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ ایس آئی ڈی بی نے سوات میں انڈسٹریل اسٹیٹ (چھوٹی صنعتی بستیاں) قائم کرنے کیلئے زمین کی حصول کے لیے کوشیش شروع کی ہوئی ہیں۔ اور مناسب جگہ ملتے ہی چھوٹی صنعتی بستی سوات پر کام شروع کردیا جائے گا۔ تاکہ سوات اور ملحقہ اضلاع کے عوام کو روزگار کے مواقع مُیسر آسکیں۔ اس کے علاوہ ایس آئی ڈی بی نے دیر لوئر (تیمر گرہ) میں فرنیچر سازی کا ورکنگ ووڈ سنٹر (WWC) کارخانہ قائم کیا ہے جہاں پر ٹریننگ کی سہولت بھی موجود ہے۔ خواتین کیلئے ریڈی میڈ گارمنٹس سنٹر تیمر گرہ میں قائم کیا ہے۔ جہاں پر خواتین کو ٹریننگ دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑی ہو کر باعزت روزگار کما سکے۔ مستقبل میں دیر بالا میں بھی صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کے حوالے سے اقدامات کئے جائینگے۔